ISSN Online: 2709-7625
ISSN Print: 2709-7617
Vol.7 No.2 2024

قرون اُولیٰ میں اُستاد کا مقام موجودہ دور میں اُستاد کے حقوق اُجاگر کرنے کی ضرورت واہمیت اسلامی نقطہ نظر سے ایک تحقیقاتی مطالعہ

Position of teacher in the early ages of Islam, highlighting the teacher's rights and importance in the world today according to Islamic perspective a research study

Muhammad Shakeel
PhD Scholar Islamic Studies Abdul Wali Khan University Mardan
E-mail: muhammadshakil371@gmail.com
Bibi Nazma
PhD Scholar Islamic Studies, Abdul Wali Khan University Mardan
Khalil ullah
PhD Scholar Islamic Studies, Abdul Wali Khan University Mardan

Abstract

A teacher is the one whose superior position and high rank is accepted by the Holy Quran and Sunnah and the entire public concept. The Holy prophet of Islam has blessed the teacher with the highest rank in various Hadiths. Moreover, he himself feels proud to be a teacher and his claim proud true with the passage of time. Teacher and teaching have always been great matter of significance regarding the past present and future. No one can deny the enlightened role of teacher in the past, neither in present nor will in future. The secret behind the progress and prosperity of a nation is hidden under the counsel, leadership and vital acts of teacher in the social circle. Teacher has always been considered as a central pillar in building society and its various perspectives. As a vital social actor, it is the obligation of society, government and parents to recognize, fulfil and maintain his dues and rights. A teacher can perform in best way in constructing the society if he gets his rights and respect among the public. It has always been the law of his world and the life hereafter that the one who acts will be blessed with what he acted .The fact, therefore, is that teacher must find courage, rights and cooperation from different social corners for best performance.

قرون اولیٰ میں اُستاد کا مقام

فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسَلَّم ہے۔

اِنَّمَا بُعِثْتُ مُعَلِّماً[1]

یعنی مجھے مُعلّم بنا کر بھیجا گیا۔

اسلامی نقطہ نظر سے معلمی نہایت ہی معزز پیشہ ہے، اس میں کوئی شک نہیں کہ ہر مذہب اور ہر معاشرے میں اساتذہ کو بڑی عقیدت و احترام کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ یہ اس لئے کہ معاشرے میں جو کچھ نیکیاں پائی جاتی ہیں اور خدمتِ خلق کا جو جذبہ موجود ہے حقیقت میں تعلیم ہی کی بدولت ہے اور درس گاہیں ان کا اصل منبع اور سرچشمہ ہے۔ اسلام کی نظر میں انسانیت کا سب سے مقدس اور عظیم طبقہ پیغمبروں کا ہے۔ پیغمبر ہی انسانیت کا مربی اور مُعلم ہوتا ہے وہ لوگوں کو تعلیم دیتا ہے اور انسانیت کو اس علم کے سانچے میں زندگیگزارنے کا سلیقہ سکھاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کی تخلیق کو احسن تقویم ارشاد فرمایا ہے۔ انسان کو اللہ کریم نے بہت ہی خوبصورت شکل میں بنایا ہے

قرآن کریم ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

مصوری کا یہ عظیم شاہکار کی بدولے اللہ تعالیٰ نے نیابت اور حکمرانی کے منصب کا حقدار بھی ٹھہرایا۔ اشرف المخلوقات، مسجود ملائکہ اور خلیفۃ اللہ فی الارض سے متصف انسان نے یہ ساری عظمتیں اور رفعتیں صرف اور صرف علم، عقل و شعور، فہم و ادراک، تمیز، معرفت ہی کی بدولت حاصل کی ہیں ورنہ فرمانبرداری اور عبادت میں فرشتے اعلیٰ درجے کے حامل تھے۔ جیسا کہ اللہ کریم نے قرآن پاک میں ذکر کیا ہے۔

ISSN Online: 2709-7625
ISSN Print: 2709-7617
Vol.7 No.2 2024

يٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ[2]

اے ایمان والو! اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو دوزخ سے بچاؤ جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں (اور) اس پر فرشتے سخت دل اور قوی مقرر ہیں وہ اللہ کی نافرمانی نہیں کرتے جو وہ انہیں حکم دے اور وہی کرتے ہیں جو انہیں حکم دیا جاتا ہے۔

علم، عقل وشعور، فہم وادراک، تمیز، معرفت اور جستجو وہ بنیادی اوصاف تھے جن کی وجہ انسان باقی مخلوقات سے اشرف واعلیٰ اور ممتاز قرار دیا گیا۔ یہ ایک آفاقی حقیقت ہے کہ حصول علم درس ومشاہدہ سمیت کئی خارجی ذرائع سے ہی ممکن ہوتا ہے، ان میں مرکزی حیثیت استاد اور معلّم ہی کی ہے، جس کے بغیر صحت مند معاشرہ کی تشکیل ناممکن ہے، معلّم ہی وہ اہم شخصیت ہے جو تعلیم وتربیت کا محور، منبہ ومرکز ہوتا ہے ترقی یافتہ قوموں اور مہذب معاشروں میں استاد کو ایک خاص مقام ومرتبہ اور نمایاں حیثیت حاصل ہوتی ہے کیونکہ مہذب، توانا، پرامن اور باشعور معاشرے کا قیام استاد ہی مرہون منت ہے۔ اسلام نے دنیا کو علم کی روشنی عطا کی، استاد کو عظمت اور طالب علم کو اعلیٰ وارفع مقام عطا کیا ہے۔ اسلام نے استاد کو روحانی والد قرار دے کر ایک قابل قدر ہستی، محترم ومعظم شخصیت، مربی ومزکّی کی حیثیت عطا کی۔ معلّم کے کردار کی عظمت واہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ اس عالم رنگ وبو میں معلّم اوّل خود رب کائنات ہیں۔

چنانچہ قرآن پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ اَنْبِئُوْنِيْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ[3]

اللہ نے آدم کو سب چیزوں کے نام سکھائے پھر ان سب چیزوں کو فرشتوں کے سامنے پیش کیا پھر فرمایا مجھے ان کے نام بتاؤ اگر تم سچے ہو۔

معلّم کائنات نے انسانیت کی راہنمائی اور تعلیم کے لیے کم وبیش ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کرام کو معلّم ومربّی بنا کر بھیجا ہر نبی شریعت کا معلّم ہونے کے ساتھ ساتھ کسی ایک فن کا ماہر اور معلّم بھی ہوتا تھا جسے حضرت ادمؑ دنیا میں ذراعت، صنعت وحرفت کے معلّم اوّل تھے، کلام کو ضبط تحریر میں لانے کا علم سب سے پہلے حضرت ادریسؑ نے ایجاد کیا، حضرت نوحؑ نے لکڑی سے چیزیں بنانے کا علم متعارف کروایا، حضرت ابراہیمؑ نے علم مناظرہ اور حضرت یوسفؑ نے علم تعبیر الرؤیا کی بنیاد ڈالی۔ خاتم الانبیاء ﷺ نے معلّم کو انسانوں میں بہترین شخصیت قرار دیتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

حدثنا ابو نعيم، حدثنا سفيان، عن علقمة بن مرثد، عن ابي عبد الرحمن السلمي، عن عثمان بن عفان، قال: قال النبي صلى الله عليه وسلم:" إن افضلكم من تعلم القرآن وعلمه."[4]

ہم سے ابونعیم نے بیان کیا، کہا ہم سے سفیان بن عیینہ نے بیان کیا، ان سے علقمہ بن مرثد نے، ان سے ابوعبدالرحمن سلمی نے، ان سے عثمان رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم سب میں بہتر وہ ہے جو قرآن مجید پڑھے اور پڑھائے۔ معلّم کے لیے نبی کریم ﷺ کی بشارت حضرت ابو ہریرہؓ نے ان الفاظ میں روایت کی ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا غور سے سنو، دنیا اور دنیا میں جو کچھ ہے وہ اللہ کی رحمت سے دور ہے البتہ اللہ کا ذکر اور وہ چیزیں جو اللہ تعالی سے قریب کریں یعنی نیک اعمال، عالم اور طالب علم (یہ سب چیزیں اللہ کی رحمت سے دور نہیں ہیں۔ استاد ہونا ایک بہت بڑی نعمت اور عظیم سعادت ہے۔ معلّم کو اللہ اور اس کی مخلوقات کی محبوبیت نصیب ہوتی ہے، مخبر صادق ﷺ نے استاد کی محبوبیت کو ان الفاظ میں بیان فرمایا کہ لوگوں کو بھلائی سکھانے والے پر اللہ، ان کے فرشتے، آسمان اور زمین کی تمام مخلوقات یہاں تک کہ چیونٹیاں اپنے بلوں میں اور مچھلیاں پانی میں رحمت بھیجتی اور دعائیں کرتی ہیں۔ اساتذہ کے لیے نبی کریم ﷺ نے دعا فرمائی کہ اللہ تعالی اس شخص کو خوش وخرم رکھے جس نے میری کوئی بات سنی اور اسے یاد رکھا اور اس کو جیسا سنا اسی طرح لوگوں تک پہنچایا[5]۔

دور صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین

خیر القرون میں معلّمین کو اتنی زیادہ اہمیت حاصل تھی کہ خلیفہ ثانی حضرت عمر فاروقؓ معلّمین کو درس و تدریس کے ساتھ ساتھ اعلیٰ انتظامی امور اور عہدوں پر فائز کرتے تھے۔ حضرت علی المرتضیٰؓ کا قول ہے کہ جس نے مجھے ایک حرف بھی پڑھا دیا میں اس کا غلام ہوں خواہ وہ مجھے آزاد کر دے یا بیچ دے حضرت مغیرہؓ کہتے ہیں کہ ہم استاد سے اتنا ڈرتے اور ان کا اتنا ادب کرتے تھے جیسا کہ لوگ بادشاہ سے ڈرا کرتے ہیں حضرت یحییٰ بن معینؒ بہت بڑے محدث تھے امام بخاریؒ ان کے متعلق فرماتے ہیں کہ محدثین کا جتنا احترام وہ کرتے تھے اتنا کرتے ہوئے میں نے کسی کو نہیں دیکھا۔ امام ابو یوسفؒ کہتے ہیں کہ میں نے بزرگوں سے سنا ہے کہ جو استاد کی قدر نہیں کرتا وہ کامیاب نہیں ہوتا[6]۔

حضرت عبد اللہ بن عباسؓ اساتذہ کے سامنے تواضع اور انکساری کا اظہار کرتے تھے، علم حدیث کے لیے ان کے گھروں کی دہلیز پر بیٹھ جاتے اور استاد کے نکلنے کا انتظار کرتے رہتے، ہوا سے چہرے پر گرد اور مٹی پڑتی رہتی تھی، جب وہ حضرات اپنے کام سے باہر نکلتے تو آپ کو منتظر اور طالب علم پاتے اور آپ استاذ کے سامنے یوں گویا ہوتے کہ میں علم کا طالب ہوں، میرا دل نہ چاہا کہ آپ میری وجہ سے اپنی ضروریات سے فارغ ہونے سے پہلے آئیں (دارمی)۔ یہی ادب تھا جس کی وجہ سے حضرت عبد اللہ بن عباسؓ کو امام المفسرین، حبر الامت اور بحر العلم کا لقب عطا ہوا۔ حضرت عبد اللہ بن عمرؓ، حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ، حضرت ابو ہریرہؓ، حضرت ابی بن کعبؓ اور حضرت مصعب بن عمیرؓ جیسے سینکڑوں صحابہ کرام نے معلّم کائنات کے سامنے زانوئے تلمذ رہے تربیت کی چکی میں پسے آپ ﷺ کی مجلس میں ادب کا یہ عالم ہوتا تھا کہ صحابہ کرامؓ چہرہ انور ﷺ کی طرف سیدھا نہیں دیکھتے، بیٹھنے کا انداز ایسا مؤدبانہ ہوتا تھا کہ پرندے آکر صحابہ کے سروں پر بیٹھ جاتے تھے۔

دور تابعین و تبع تابعین

امام اعظم ابو حنیفہؒ اپنے استاد کا اتنا ادب کرتے تھے کہ کبھی استاد کے گھر کی طرف پاؤں کر کے نہیں سوئے۔ فقہ حنفیہ کی مشہور کتاب ھدایہ کے مصنف، شیخ الاسلام برہان الدینؒ بیان فرماتے ہیں کہ ائمہ بخارا میں سے ایک امام دوران درس بار بار کھڑے ہو جاتے، شاگردوں نے وجہ پوچھی تو فرمایا کہ میرے استاد کا لڑکا گلی میں بچوں کے ساتھ کھیلتے ہوئے جب مسجد کے دروازے کے سامنے آتا ہے میں اپنے استاد کی وجہ سے ادب میں کھڑا ہو جاتا ہوں۔ قاضی امام فخر الدین ارسابندی، اللہ نے ان کو علماء میں بڑا مقام عطا فرمایا تھا، بادشاہ ان کی بہت عزت کرتا تھا، بادشاہ ان سے کہا کرتا تھا کہ میں نے یہ عزت و مرتبہ اپنے استاد کی دعا اور خدمت سے حاصل کیا ہے، میں نے تیس سال قاضی امام ابو یزید دبوسیؒ کی خدمت اور ان کے لیے کھانا پکایا ہے اور اس کھانے میں سے کبھی نہیں کھایا تھا۔ علماء ہند میں حضرت شیخ الہند محمود حسنؒ علم و فضل، تقویٰ و طہارت، جہد و عمل، تواضع و انکساری میں منفرد مقام رکھتے تھے۔ شیخ العرب والعجم حضرت حسین احمد مدنیؒ کو دیکھا گیا کہ باوجود اتنے بڑے منصب پر فائز ہونے کے اپنے استاد شیخ الھندؒ کے گھر کا پانی اپنے سر پر اٹھا کر لے جاتے تھے۔ شمس الائمہ علامہ حلوائیؒ نے بخارا کو خیر آباد کہا اور کسی دوسری جگہ تشریف لے گئے تو آپ کے تمام تلامذہ آپ کی زیارت کے لیے آئے سوائے قاضی شمس الائمہ الزرنوجیؒ کے، جب استاد کی شاگرد سے ملاقات ہوئی تو فرمایا کہ آپ میری ملاقات کو کیوں نہیں آئے تھے؟ عرض کیا کہ والدہ کی خدمت میں مشغولیت مانع تھی۔ امام نے کہا کہ آپ عمر لمبی پائیں گے مگر درس نصیب نہیں ہو گا، استاد کے منہ سے نکلی ہوئی اس بات کو وقت نے سچ ثابت کیا کہ علامہ زرنوجیؒ زندگی کا اکثر حصہ دیہاتوں میں رہے آپ کو تدریس کا موقع نہ میسر آسکا۔ خلیفہ ہارون رشید نے امام اصمعیؒ کے پاس اپنا بیٹا تحصیل علم و ادب کے لیے بھیجا، ایک دن خلیفہ نے دیکھا کہ امام اصمعی وضو کر رہے ہیں اور اس کا بیٹا استاد کے پاؤں پر پانی ڈال رہا ہے۔ خلیفہ نے امام صاحب کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ میں نے اپنا بیٹا اس لیے آپ کے پاس بھیجا ہے کہ آپ اس کو علم و ادب سکھائیں، آپ اسے یوں کیوں نہیں کہتے کہ یہ ایک ہاتھ سے آپ کے پاؤں پر پانی ڈالے اور دوسرے ہاتھ سے اس پاؤں کو دھوئے۔ اسلامی تعلیمات کی روشنی میں معلّم کو سب سے بہترین انسان قرار دیا گیا ہے، استاد کے ادب کو تحصیل علم کے لیے بنیاد اور اساس کہا گیا ہے۔ عربی مقولہ ہے الادب شجر والعلم ثمر ثم فکیف یجدون الثمر بدون الشجر۔ ادب درخت ہے اور علم پھل ہے پھر بغیر درخت کے کیسے حاصل ہو سکتا ہے۔

اگر تدریس کو بحیثیت مشغلہ دیکھا جائے تو یہ مشغلہ تمام پیشوں سے اعلیٰ، اشرف و افضل ہے، دنیا میں لوگ جتنی بھی محنتیں کر رہے ہیں ان میں معلّم کی فضیلت کا کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا۔ عربی ضرب المثل ہے کہ خیر الاشغال تھذیب الاطفال۔ بہترین مصروفیت و مشغلہ بچوں کی تربیت کرنا ہے۔ معلّم انسانیت پر محنت کر کے کارِ نبوت سر انجام دے رہا ہوتا ہے۔ امام الانبیاء ﷺ کی حدیث شریف اس پر شاھد ہے کہ:

وإن العلماء ورثة الانبياء، وإن الانبياء لم يورثوا دينارا ولا درهما ورثوا العلم فمن اخذه اخذ بحظ وافر[7]

ISSN Online: 2709-7625
ISSN Print: 2709-7617
Vol.7 No.2 2024

علماء انبیاء کے وارث ہیں نبیوں نے اپنا وارث درہم و دینار کا نہیں بلکہ علم کا وارث بنایا تو جس نے علم حاصل کیا اس نے ایک وافر حصہ لیا۔ استادافراد کی تربیت کر کے ایک مہذب معاشرہ تشکیل دیتا ہے گویا بادشاہ لوگوں پر حکومت کرتے ہیں جب کہ بادشاہوں پر معلّمین کی حکومت ہوتی ہے۔ پیغمبر اسلام ﷺ کا ارشاد مبارک منصب تدریس کی اہمیت کو مزید واضح کر دیتا ہے کہ جس شخص نے لوگوں کو خیر کی طرف بلایا، لوگوں کے اجر کے برابر اس کو بھی اجر ملے گا اور لوگوں کے اجر میں کوئی کمی نہیں کی جائے گی[8]۔ معلّم کا فرض سب سے اہم اور اس کی ذمہ داری سب سے مشکل ہے۔ مصور پاکستان، شاعر مشرق علامہ محمد اقبالؒ نے معلّم کی حیثیت، عظمت اور اہمیت کو بہت احسن انداز میں بیان کیا ہے کہ استاد دراصل قوم کا محافظ ہوتا ہے کیونکہ آئندہ آنے والی نسلوں کو سنوارنا اور ان کو ملک وملت کی خدمت کے قابل بنانا ان ہی کے سپرد ہے، سب محنتوں میں اعلیٰ درجے کی محنت اور کارگزاریوں میں سب سے بیش قیمت کارگزاری معلّموں کی ہے، معلّم کا فرض سب سے زیادہ مشکل اور اہم ہے کیونکہ تمام قسم کی اخلاقی، تمدنی اور مذہبی نیکیوں کی کلید اس کے ہاتھ میں ہے اور ہر قسم کی ترقی کا سرچشمہ اس کی محنت ہے۔ معلّم کی یہ عظمت، مقام و مرتبہ اس بات کا متقاضی ہے کہ وہ صفات حسنہ اور اخلاق حمیدہ کا جامع، صبر واخلاص کا پیکر، علم و تحقیق کے خمیر میں گوندا ہوا ہو۔ استاد کا مطمع نظر رضا خداوندی، انسانیت کی تربیت اور نونہالان قوم کو علم ومعرفت سے روشناس کرانے کا جذبہ ہونا چاہیے۔ معلّم کے قول و عمل میں یکسانیت، صداقت، شجاعت، قوت برداشت، معاملہ فہمی، تحمل مزاجی اور استقامت جیسے اوصاف نمایاں ہونے چاہیے کیونکہ شاگرد استاد کا عکس ہوا کرتے ہیں ۔بزرگوں کا قول ہے کہ اساتذہ نیک تو طلبہ بھی نیک، اساتذہ خود اپنے بڑوں کے قدردان تو طلبہ خود ان اساتذہ کے قدردان ہوں گے العرض اساتذہ کرام شریعت اور سنت کے پابند، اپنے منصب کے قدردان، طلبہ پر مشفق اور جذبہ خیر سگالی سے سرشار ہوں تو ان کے ہاتھوں تربیت پانے والی نسلیں بھی ان ہی صفات حمیدہ کی حامل ہوں گی۔ گلشن محمدی ﷺ جس کی آبیاری کے لیے پیغمبر اسلام ﷺ اور ان کے جانثار صحابہ کرامؓ نے اپنی ساری توانائیاں وصلاحیتیں خرچ کر ڈالیں تھیں ،وہ ملت جس کی شان وشوکت اور عروج اپنوں کی غفلت اور غیروں کی عیاری کی وجہ سے ماندہ پڑا ہوا ہے۔ معلّم کا جذبہ یہ ہونا چاہیے کہ میرے ذریعے امت کے ایسے نونہال تیار ہو جائیں جو امت محمدیہ ﷺ کی نشاۃ ثانیہ کا فریضہ سرانجام دے سکیں، وہ ایسے تناور درخت کی مانند ہوں جو سب کو چھاؤں اور پھل دیں، جو تحقیق وجستجو کے میدانوں کے شاہسوار اور علم کے شناور ہوں، جو دنیا کو امن وسلامتی کا درس اور محبت کا پیغام دینے والے ہوں۔ ایک معلّم کی یہ آرزو ہونی چاہیے کہ میری ساری زندگی کی محنت اور جگر سوزی اس لیے ہے کہ قیامت کے دن میرا حشر معلّمین، امت کے معماروں، نگرانوں، قائدین اور رہبروں کے ساتھ ہو۔ امام شافعیؒ امام مالکؒ کے شاگردوں میں ہیں، کہتے ہیں کہ جب میں امام مالکؒ کے سامنے ورق پلٹتا تو بہت نرمی سے کہ کہیں آپ کو بارِ خاطر نہ ہو۔ خود قرآن مجید نے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت خضر علیہ السلام کے واقعے کو تفصیل سے بیان کیا ہے، باوجود یہ کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام مقام نبوت پر فائز تھے، لیکن انہوں نے نہایت صبر اور تحمل کے ساتھ حضرت خضر کی باتوں کو برداشت کیا اور بار بار معذرت خواہی فرمائی۔ قرآن کریم سورۃ کہف میں اللہ تعالیٰ نے موسیٰ اور خضر علیہم السلام کے اُستادی اور شاگردی کا جو واقعہ نقل فرمایا ہے یہ اُستاد کے ماضی میں ایک بہترین اور اعلیٰ نمونہ ہے۔ اس واقعہ میں جو آداب ہمیں ملتے ہیں میں ان کا مختصر تذکرہ درج ذیل ہیں۔

وَمَا فَعَلْتُهُ عَنْ أَمْرِي ذَٰلِكَ تَأْوِيلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَلَيْهِ صَبْرًا[9]

پہلی یہ کہ اُستاد کو علمی لحاظ سے کامل اور اکمل ہونا چاہیے۔

دوسری یہ کہ پہلی اپنے شاگرد سے صبر اور قناعت کا وعدہ لینا چاہیے۔

تیسری یہ کہ شاگرد کو تحقیقی علم حاصل کرنے ور استنباط پر جلدی فیصلہ نہ کرنے کی ہدایات دینا چاہیے۔

چوتھی یہ کہ تعلیم وتعلم شروع کرنے سے پہلے کچھ شروط وضع کرنا چاہیے تاکہ آئندہ صحیح طریقہ سے نظام تعلیم جاری رکھا جاسکے۔

پانچواں یہ کہ استاد کو چاہیے کہ شاگرد کا ایسا تربیت کرے کہ اس کا اعتقاد بن جائے کہ اللہ کے مرضی سے سب کچھ ہو رہا ہے جیسا کہ خضر علیہ السلام نے موسیٰ علیہ السلام کو بتایا تھا۔

امام ابو حنیفہؒ کے بارے میں منقول ہے کہ اپنے استاد حمادؒ کے مکان کی طرف پاؤں کرنے میں بھی لحاظ ہوتا تھا، امام صاحبؒ نے خود اپنے صاحب زادے کا نام اپنے استاد کے نام پر رکھا، قاضی ابو یوسفؒ کو اپنے استاذ امام ابو حنیفہؒ سے ایسا تعلق تھا کہ جس روز بیٹے کا انتقال ہوا اس روز بھی اپنے استاذ کی مجلس میں حاضری سے محرومی کو گوارا نہیں فرمایا۔

اُستاد کا مقام قرآن کریم کی رو سے

کائنات میں استاد وہ ہستی ہے جس کی عزت، احترام اور فضیلت کے خالق اور مخلوق سب قائل اور معترف ہیں۔ دین اسلام اور شریعت محمدی ﷺ میں سب سے اولین اور بنیادی ماخذ قرآن اور حدیث مبارکہ ہیں اور یہی قرآن اور حدیث زندگی کی ہر موڑ پر ہماری راہنمائی اور قیادت کر رہے ہیں۔ مسلمان ہونے کی حیثیت سے ہم کو کسی چیز کی اہمیت اور فضیلت معلوم کرنے کے لیے قرآن اور حدیث کے طرف رجوع کرنا چاہیئے۔ جب ہم کسی شخصیت یا کسی چیز کی اہمت اور فضیلت میں قرآن اور حدیث کی طرف رجوع کرتے ہیں اور وہاں سے اس کی اہمیت اور فضیلت ملتی ہے تو اس کی اہمیت دوبالا ہو جاتی ہے۔ اس وجہ سے چونکہ اُستاد ایک عظیم ہستی ہے تو اس کی اہمیت اور منزلت میں ہم قرآن کی طرف رجوع کرتے ہیں۔

قرآن کریم میں علم اور مُعلم کی اہمیت اور فضیلت کے بارے میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں۔

" أَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوَاهُمْ وَأَنَّ اللَّهَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ[10]

کیا یہ لوگ نہیں جانتے کہ اللہ تعالی ان کے پوشیدہ اور ظاہری اعمال سب جانتا ہے اور اللہ تعالیٰ تمام غیبی امور پر عالم ہے۔

اسی آیت مبارکہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنے صفت میں ذکر فرمایا ہے کہ اللہ تعالی سب کو خوب جانتا ہے۔ یہی صفت علم ہے اور یہی صفت معلم کی ہوتی ہے کہ وہ صاحب علم اور سکھانے والا ہوتا ہے- اور اللہ کے صفات حسنہ میں سے ایک صفت ہے۔ اس سے ان لوگوں کے فضیلت اور اہمیت معلوم ہوتی ہے جو اس صفت کے حامل ہوتے ہیں اور اسی صفت کے تناظر میں دوسرے لوگوں کے لیے استاد ہوتا ہے جو ان کو سکھاتا اور پڑھاتا ہے- اسی مضمون کی دوسری آیت میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں"

قُلْ إِنَّ رَبِّي يَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَّامُ الْغُيُوبِ"[11]

اُن کو کہہ دو کہ میرا پروردگار حق کو اوپر سے بھیجتا ہے وہ غیب کی باتوں کو خوب جاننے والا ہے-

اس آیت میں بھی اللہ تعالی اپنے علمی صفت کا تذکرہ کر رہا ہے جو کہ ایک معلم میں یہ صفت موجود ہوتا ہے اور اسی کی وجہ سے اس کو شرف مُعلمی حاصل ہوتا ہے۔ اسی طرح جاہل لوگوں کے بارے میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

إِنَّمَا السَّبِيلُ عَلَى الَّذِينَ يَسْتَأْذِنُونَكَ وَهُمْ أَغْنِيَاءُ رَضُوا بِأَنْ يَكُونُوا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطَبَعَ اللَّهُ عَلَى قُلُوبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ"[12]

الزام تو ان پر ہے جو مالدار ہونے کے باوجود تم سے اجازت مانگتے ہیں— یہ لوگ اس بات پر خوش ہے کہ وہ پیچھے رہنے والے عورتوں میں شامل ہوئے اور اللہ تعالی نے ان کے دلوں پر مہر لگادی ہے اس لیے ان کو حقیقت کا پتہ نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں جاہل لوگوں کے مذمت بیان کی ہے اور جہل علم کی منافی ہے جو ایک معلم کی صفت نہیں ہوتی معلم وہ شخص ہوتا ہے جو صاحب علم ہوتا ہے اور علم کی صفت اللہ تعالیٰ کو محبوب صفت ہوتی ہے۔ پھر قرآن کریم کی بہت سے آیات میں غور کرنے سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالی اپنے موجودات میں عظیم اور افضل موجودات کے طرف علم کو منسوب کر دیتا ہے۔ علم سے متعلقہ نسبتوں میں سے ایک عظیم اور اہم نسبت تعلیم العلم یعنی علم سکھانا ہے اور جو علم

ISSN Online: 2709-7625
ISSN Print: 2709-7617
Vol.7 No.2 2024

سکھاتا ہے اس کو استاد اور معلم کہا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں یہ واضح کیا ہے کہ اللہ تعالی بھی علم و تعلیم کا معلم ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے
۔

وَاتَّقُوا اللَّهَ وَيُعَلِّمُكُمُ اللَّهُ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ"[13]

اور اللہ کا خوف دل میں رکھو، اللہ تمہیں تعلیم دیتا ہے اور اللہ تعالی ہر چیز کا علم رکھتا ہے۔

اس آیت میں اللہ تعالی نے اپنے آپ کو معلم کی نسبت کی ہے کہ اللہ تمہیں سکھاتا ہے۔ اسی طرح ایک اور مقام پر اللہ تعالی اپنے آپ کو معلم کی نسبت کرتے ہوئے فرماتا ہے۔

وَآتَاهُ اللَّهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهُ مِمَّا يَشَاءُ وَلَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَفَسَدَتِ الْأَرْضُ وَلَكِنَّ اللَّهَ ذُو فَضْلٍ عَلَى الْعَالَمِينَ"[14]

اور اللہ نے ان کو سلطنت اور دانائی عطا کی اور جو علم چاہا ان کو عطا فرمایا۔ اگر اللہ لوگوں کو ایک دوسرے کے زریعے دفاع نہ کرے تو زمین میں فساد پھیل جائے ،لیکن اللہ تمام جہانوں پر بڑا فضل فرمانے والا ہے۔

اسی آیت میں بھی اللہ نے اپنے آپ کو علم اور تعلیم کی نسبت کرتے ہوئے یہ بتایا ہے کہ اللہ ایک معلم ہے۔ اسی آیت کی تناظر میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ منصب معلمی ایک عظیم اور اعلیٰ منصب ہے۔ اس کے علاوہ اور آیات بھی ہیں جن میں اسی منصب کی نسبت اللہ نے اپنے آپ کو کیا ہے ہے۔ اللہ تعالیٰ لی مخلوقات میں سے ایک عظیم اور اشرف مخلوق اللہ تعالیٰ کی انبیاء کرام ہیں۔
اللہ تعالیٰ نے اس مشرف مخلوق کو بھی اسی منصب معلمی کو منسوب کیا ہے۔ اللہ تعالی فرماتا ہے۔

لَقَدْ مَنَّ اللَّهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ إِذْ بَعَثَ فِيهِمْ رَسُولًا مِنْ أَنْفُسِهِمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَإِنْ كَانُوا مِنْ قَبْلُ لَفِي ضَلَالٍ مُبِينٍ[15]

بے شک کہ اللہ نے مومنوں پر بڑا احسان کیا کہ ان کے درمیان انہی میں سے ایک رسول بھیجا جو ان کے سامنے اللہ کی آیتوں کی تلاوت کرے، انہیں پاک صاف بنائے اور انہیں کتاب اور حکمت کی تعلیم دے جب کہ یہ لوگ اس سے پہلے یقینا کھلی گمراہی میں مبتلا تھے۔
اس آیت میں اللہ نے یہ بات واضح فرمائی ہے کہ اللہ نے مومنوں پر یہ بڑا احسان کیا ہے کہ اللہ نے ان کو اپنا پیغمبر ایک معلم بنا کر ان کو بھیجا ہے تاکہ ان کو آیات پڑھا کر ان کو اللہ کی کتاب اور حکمت کی تعلیم دے۔ اس آیت میں اللہ نے پیغمبر کو مسند معلم کی نسبت فرمائی جس سے معلوم ہوتی ہے کہ یہ ایک عظیم مسند ہے۔ اللہ نے علم اور اس کے حاملین اور معلمین کے صفت میں فرمایا ہے۔

يَرْفَعِ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنْكُمْ وَالَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ دَرَجَاتٍ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ"[16]

تم میں سے جو لوگ ایمان لائے ہیں اور جن کو علم عطا کیا گیا ہے اللہ ان کو درجوں میں بلند کر دے گا اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے پوری طرح باخبر ہے۔
اسی آیت میں اللہ نے اہل علم کی فضیلت میں فرمایا ہے کہ اللہ ان کو بلند رتبوں پر فائز فرمادیں گے۔ استاد وہ شخص ہوتا ہے جو ان اہل علم کو پڑھاتا ہے اور کو انہی مرتبوں پر فائز کرتے ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام ایک جلیل القدر نبی ہونے کے باوجود اپنے استاد کے تمام شرائط کو مان کر اس کے تلمذہ اختیار کر دیتا ہے اور اپنے استاد کو فرماتا ہے۔

هَلْ أَتَّبِعُكَ عَلَى أَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْد[17]

کیا میں آپ کے ساتھ اس غرض سے رہ سکتا ہوں کہ آپ کو جو بھلائی کا علم عطا ہوا ہے اس کا کچھ حصہ مجھے بھی سکھادیں۔) اسی آیت میں اللہ تعالیٰ نے موسیٰ اور خضر علیہم السلام کے استادی اور شاگردی کا تذکرہ کیا ہے۔ اور یہ واضح کیا ہے کہ استادی وہ شرف ہے کہ یہ انبیاء کرام کو عطا کیا گیا ہے دوسری طرف یہ کہا گیا ہے کہ انبیاء بھی ان اساتذہ کے سامنے زانوئے تلمذتہ کر دیتے۔

ISSN Online: 2709-7625
ISSN Print: 2709-7617
Vol.7 No.2 2024

اُستاد کا مقام اور عظمت از روئے حدیث

یہ بات تو ہم سب کو معلوم ہے کہ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے یہ بتایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے انسانوں میں آدم علیہ السلام کو اسماء کے تعلیم دی اور آدم علیہ السلام کو تمام اشیاء کے ناموں کا علم دیا ہے-اسی طرح اللہ قرآن میں فرماتا ہے کہ اللہ نے قلم کے زریعے سے تعلیم دیا ہے-ایک اور آیت میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو وہ کچھ سکھایا جو وہ نہیں جانتا تھا-ان سب آیات میں بتایا گیا ہے کہ انسان کا سب سے اول اُستاد اللہ تعالیٰ ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس کو سب کچھ سکھایا ہے۔ پھر اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے انسانوں میں ہر اُمت کو ان کا اپنا پیغمبر ان کا استاد بنا کے بھیجا ہے۔ ایک حدیث جو کہ امام مسلم نے کتاب الطلاق میں ذکر کیا ہے اس میں اللہ کے نبی حضرت محمد ﷺ نے اپنے آپ کو معلم کا خطاب دیا ہے۔

وحَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ بْنُ إِسْحَاقَ ، حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ دَخَلَ أَبُو بَكْرٍ يَسْتَأْذِنُ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَوَجَدَ النَّاسَ جُلُوسًا بِبَابِهِ ، لَمْ يُؤْذَنْ لأَحَدٍ مِنْهُمْ ، قَالَ : فَأُذِنَ لأَبِي بَكْرٍ ، فَدَخَلَ ، ثُمَّ أَقْبَلَ عُمَرُ ، فَاسْتَأْذَنَ فَأُذِنَ لَهُ ، فَوَجَدَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا حَوْلَهُ نِسَاؤُهُ ، وَاجِمًا سَاكِتًا قَالَ : فَقَالَ : لأَقُولَنَّ شَيْئًا أُضْحِكُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَقَالَ : يَا رَسُولَ اللهِ ، لَوْ رَأَيْتَ بِنْتَ خَارِجَةَ ، سَأَلَتْنِي النَّفَقَةَ ، فَقُمْتُ إِلَيْهَا ، فَوَجَأْتُ عُنُقَهَا ، فَضَحِكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، وَقَالَ : هُنَّ حَوْلِي كَمَا تَرَى ، يَسْأَلْنَنِي النَّفَقَةَ ، فَقَامَ أَبُو بَكْرٍ إِلَى عَائِشَةَ يَجَأُ عُنُقَهَا ، فَقَامَ عُمَرُ إِلَى حَفْصَةَ يَجَأُ عُنُقَهَا ، كِلاَهُمَا يَقُولُ : تَسْأَلْنَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَيْسَ عِنْدَهُ ، فَقُلْنَ : وَاللَّهِ لاَ نَسْأَلُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا أَبَدًا لَيْسَ عِنْدَهُ ، ثُمَّ اعْتَزَلَهُنَّ شَهْرًا ، أَوْ تِسْعًا وَعِشْرِينَ ، ثُمَّ نَزَلَتْ عَلَيْهِ هَذِهِ الآيَةُ : {يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لأَزْوَاجِكَ} حَتَّى بَلَغَ {لِلْمُحْسِنَاتِ مِنْكُنَّ أَجْرًا عَظِيمًا} ، قَالَ : فَبَدَأَ بِعَائِشَةَ ، فَقَالَ : يَا عَائِشَةُ ، إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أَعْرِضَ عَلَيْكِ أَمْرًا أُحِبُّ أَنْ لاَ تَعْجَلِي فِيهِ حَتَّى تَسْتَشِيرِي أَبَوَيْكِ ، قَالَتْ : وَمَا هُوَ يَا رَسُولَ اللهِ ، ؟ فَتَلاَ عَلَيْهَا الآيَةَ ، قَالَتْ : أَفِيكَ يَا رَسُولَ اللهِ ، أَسْتَشِيرُ أَبَوَيَّ ؟ بَلْ أَخْتَارُ اللَّهَ وَرَسُولَهُ ، وَالدَّارَ الآخِرَةَ وَأَسْأَلُكَ أَنْ لاَ تُخْبِرَ امْرَأَةً مِنْ نِسَائِكَ بِالَّذِي قُلْتُ ، قَالَ : لاَ تَسْأَلُنِي امْرَأَةٌ مِنْهُنَّ إِلاَّ أَخْبَرْتُهَا ، إِنَّ اللَّهَ لَمْ يَبْعَثْنِي مُعَنِّتًا ، وَلاَ مُتَعَنِّتًا ، وَلَكِنْ بَعَثَنِي مُعَلِّمًا مُيَسِّرًا.[18]

اسی حدیث مبارکہ میں نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے کہ مجھے اللہ رب العزت نے معلم بنا کے بھیجا ہے۔

ایک موقع پر آپ ﷺ کے مجلس میں ایک شخص حاضر ہوا جو کہ بعد میں ایمان بھی لایا وہ فرماتا ہے کہ میں نے آپ ﷺ کے طرح استاد نہیں دیکھا ہے۔ آپ ﷺ بہت اچھے طریقے سے تعلیم دیتے تھے۔ اسی حدیث سے آقائے نامدار آخر الزمان حضرت محمد ﷺ کے معلمی اور پھر معلم کی فضیلت معلوم ہوتی ہے۔

حَدَّثَنَا أَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ ، وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ ، وَتَقَارَبَا فِي لَفْظِ الْحَدِيثِ ، قَالاَ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ حَجَّاجٍ الصَّوَّافِ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ ، عَنْ هِلاَلِ بْنِ أَبِي مَيْمُونَةَ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ الْحَكَمِ السُّلَمِيِّ ، قَالَ : بَيْنَا أَنَا أُصَلِّي مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، إِذْ عَطَسَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ ، فَقُلْتُ : يَرْحَمُكَ اللَّهُ فَرَمَانِي الْقَوْمُ بِأَبْصَارِهِمْ ، فَقُلْتُ : وَاثُكْلَ أُمِّيَاهْ ، مَا شَأْنُكُمْ ؟ تَنْظُرُونَ إِلَيَّ ، فَجَعَلُوا يَضْرِبُونَ بِأَيْدِيهِمْ عَلَى أَفْخَاذِهِمْ ، فَلَمَّا رَأَيْتُهُمْ يُصَمِّتُونَنِي لَكِنِّي سَكَتُّ ، فَلَمَّا صَلَّى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَبِأَبِي هُوَ وَأُمِّي ، مَا رَأَيْتُ مُعَلِّمًا قَبْلَهُ وَلاَ بَعْدَهُ أَحْسَنَ تَعْلِيمًا مِنْهُ ، فَوَاللَّهِ ،مَا كَهَرَنِي وَلاَ ضَرَبَنِي وَلاَ شَتَمَنِي ، قَالَ: إِنَّ هَذِهِ الصَّلاَةَ لاَ يَصْلُحُ فِيهَا شَيْءٌ مِنْ كَلاَمِ النَّاسِ إِنَّمَا هُوَ التَّسْبِيحُ وَالتَّكْبِيرُ وَقِرَاءَةُ الْقُرْآنِ فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَظَّمَ ذَلِكَ عَلَيَّ ، قُلْتُ : يَا رَسُولَ اللهِ ، أَفَلاَ أُعْتِقُهَا ؟ قَالَ : ائْتِنِي بِهَا فَأَتَيْتُهُ بِهَا ، فَقَالَ لَهَا : أَيْنَ اللَّهُ ؟ قَالَتْ : فِي السَّمَاءِ ، قَالَ : مَنْ أَنَا ؟ قَالَتْ : أَنْتَ رَسُولُ اللهِ ، قَالَ : أَعْتِقْهَا ، فَإِنَّهَا مُؤْمِنَةٌ[19]

احادیث مبارکہ میں کثرت کے ساتھ استاد کی فضیلت بیان ہوئی ہے۔ استادی اتنی بڑی منصب ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے خود کو ایک معلم قرار دیا ہے اس کی بارے میں حدیث مبارکہ ہے۔

حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ الصَّوَّافُ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ بَكْرِ بْنِ خُنَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَزِيدَعَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ مِنْ بَعْضِ حُجَرِهِ، فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ، فَإِذَا هُوَ بِحَلْقَتَيْنِ إِحْدَاهُمَا يَقْرَؤُونَ الْقُرْآنَ وَيَدْعُونَ اللَّهَ وَالْأُخْرَى يَتَعَلَّمُونَ وَيُعَلِّمُونَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلٌّ عَلَى خَيْرٍهَؤُلَاءِ يَقْرَؤُونَ الْقُرْآنَ وَيَدْعُونَ اللَّهَ، فَإِنْ شَاءَ أَعْطَاهُمْ، وَإِنْ شَاءَ مَنَعَهُمْ وَهَؤُلَاءِ يَتَعَلَّمُونَ، ويعلمون، وَإِنَّمَا بُعِثْتُ مُعَلِّمًا" فَجَلَسَ مَعَهُمْ[20]

اسی حدیث مبارکہ میں رسول اللہ ﷺ نے یہ فرمایا ہے کہ میں ایک استاد اور معلم بنا کر بھیجا گیا ہوں۔ ویسے تو بہت سے نسبتیں اور مناصب تھے لیکن نبی ﷺ نے اپنے آپ کو ایک معلم کی نسبت کی۔اس سے استاد اور معلم کی اہمیت اور فضیلت معلوم ہوتی ہے۔ ایک دوسری حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے استاد اور عالم کے فضیلت میں فرمایا ہے کہ علم کا خاتمہ استاد اور عالم کے خاتمہ کی وجہ سے ہوتی ہے۔ کیوں کہ اللہ تعالی اس طرح نہیں کرتے کہ لوگوں کے سینوں سے اس طرح علم کو کھینچے بلکہ اللہ تعالی جب علماء کو قبض کرے تو ان کے قبض کی وجہ سے یہ علم قبض ہو جائے گا اور اس طرح یہ علم ختم ہو جائے گا۔ اسی مضمون کے بہت سے احادیث ہیں جو کہ استاد کے شرافت قدر اور احترام کو واضح کر دیتا ہے۔ نبی ﷺ کا طریقہ یہ تھا کہ صحابہ میں جو حضرات استاد تھے ان کو خصوصی مقام دیتے اور صحابہ کو ان کے قدر اور احترام کے تاکید فرماتے۔ خود نبی ﷺ کو کسی نے کچھ بھی سکھایا تھا تو آپ ﷺ ان کو اپنا استاد تصور کر دیتے اور ان کو عزت دیتے۔ صحابہ میں سے جو قرآن اور سنت کے ماہر ہوتے ان کو دیگر صحابہ کے اُستاد بنا دیتے اور اسی وجہ سے ان کو دیگر امور کے سرانجامی اور پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے ان کا تقرر کرتے۔ نبی کریم ﷺ کے نہج اور ان کے احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ آپ ﷺ نے استاد کو بڑا مرتبہ دیا ہے۔

نبی رحمت سرکار دو عالم حضرت محمد ﷺ فرماتے ہیں۔

حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ ، وَإِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ ، قَالَ إِسْحَاقُ : أَخْبَرَنَا وقَالَ عُثْمَانُ : حَدَّثَنَا ، جَرِيرٌ ، عَنْ مَنْصُورٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ ، عَنْ عَبِيدَةَ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، قَالَ : سُئِلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ ؟ قَالَ : قَرْنِي ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ ، ثُمَّ يَجِيءُ قَوْمٌ تَبْدُرُ شَهَادَةُ أَحَدِهِمْ يَمِينَهُ ، وَتَبْدُرُ يَمِينُهُ شَهَادَتَهُ[21]

زمانہ میری قرن ہے پھر اس کے بعد پھر اس کے بعد تو اس بہترین قرن میں کائنات کا بہترین ہستی محمد رسول اللہ ﷺ استاد تھے اور صحابہ کرام جیسے بہترین ہستیاں شاگرد تھے۔ اسی وجہ سے انہوں نے جو استادی اور شاگردی کی جو مثال قائم کیا دنیا کے تمام لوگ اس سے عاجز ہیں کہ ان جیسا مثال قائم کریں۔ آپ ﷺ کے بہترین اُستادی اور مُعلمی کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَاعَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَحِيمٌ[22]

یقیناً آپ کو ایک ایسا نبی آیا ہے جس کو تمہاری ہر تکلیف بہت گراں معلوم ہوتی ہے جیسے تمہاری بھلائی کی دھن لگی ہوئی ہے جو مومنوں کے لیے نہتائی شفیق مہرباں ہے۔

اسی آیت سے واضح ہے کہ آپ ﷺ انتہائی مہرباں اور مشفق استاد تھے۔اسی وجہ سے صحابہ کرام بھی اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کے صحبت کے لیے منتخب کیے تھے۔صحابہ نے آپ ﷺ کے بہترین حق تلمذہ ادا کیا تھا۔

امام ترمذی نے شمائل میں آپ ﷺ کے معلمی کا ایک جھلک ایک حدیث میں ذکر فرمایا ہے۔

ان رسول اللہ صلى الله عليه وسلم دائم البشر، سهل الخلق، لين الجانب. ليس بفظ ولا غليظ، ولا صخاب ولا فحاش، ولا غياب، ولا مداح، يتغافل عما لا يشتهى. ولا يوس منه ولا يحب فيه. قد نزل نفسه من المراء والإكبار ما لا يعنيه، وترك الناس من ثلاث، كان لا يذم أحدًا ولا يعيره، ولا يطلب عورته ولا يتكلم إلا فيما رجا ثوابه. إذا تكلم أطرق جلساؤه كأنما على رؤوسهم الطير فإذا سكت تكلموا، ولا يتنازعون عنده، من تكلم أنصتوا له حتى يفرغ حديثهم عنده حديث أوليهم، يضحك مما يضحكون منه، ويعجب مما يعجبونك[23]

سیدنا حسین بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، میں نے اپنے والد گرامی)سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ (سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے ہم جلیس ساتھیوں کے ساتھ برتاؤ اور سلوک کے بارے میں سوال کیا تو انہوں نے ارشاد فرمایا" : آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر وقت ہنس مکھ ہوتے، نرم اخلاق والے تھے، نرم طبیعت تھے، ترش رو اور سخت دل نہ تھے، نہ شور برپا کرتے، نہ بے ہودہ باتیں کرتے، نہ ہی کسی کو عیب لگاتے، نہ سخت کلام کرنے والے اور نہ ہی تند خو تھے، نہ تو چلانے والے اور نہ ہی فحش گو اور نہ ہی بخل یا حرص رکھنے والے تھے، جس چیز کی چاہت اور طلب نہ ہوتی اس سے تغافل برتتے، اور آپ سے جو شخص کوئی امید رکھتا اسے مایوس نہ کرتے، اور نہ اسے ناکام لوٹاتے، اپنی ذات مبارکہ کو تین چیزوں سے پاک رکھا، جھگڑے سے، تکبر سے اور لایعنی باتوں سے، اور تین باتوں سے لوگوں کو بچا رکھا تھا: نہ کسی کی مذمت کرتے اور نہ ہی کسی کا عیب بیان کرتے تھے اور نہ ہی کسی ایسی چیز کی جستجو کرتے تھے کہ جس کے واقع ہونے سے عار آتی ہو۔

ISSN Online: 2709-7625
ISSN Print: 2709-7617
Vol.7 No.2 2024

